وزیر ماحولیات: جناب سپیکر صاحب، زه خو جی بنیادی طور باندې د دې یونیورسټۍ۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب! دا آرډر ورکړئ چې دغه وی سی له خو یوه یونیورسټی هم مه ورکوئ۔ (قہقہہ)

(تالیاں)

جناب سپیکر: (قہقہہ) جی واجد علی خان صاحب۔

وزیر ماحولیات: تحریک خو هغوی پیش کړو جی خو دا وی سی صاحب چې راغلے دے جی، د دوئ نه وروستو زمونږ څو ډیپارټمنټس چې دی، هغه ختم شو په دغه یونیورسټۍ کښې د هغوی د Absence په وجه باندې چې هغه هغلته وی نه، چې هغه هغلته کښیناستے نو کم از کم دا مسئلې به حل کیدې، نو هغه دلته په پیښور کښې وی او یونیورسټی هغلته رجسټرار ته حواله وی، نو د هغه د دې ناکامئ په وجه باندې چې هغه هغلته خپله حاضری یقینی کړی، د هغې په وجه باندې سسټم ټول Disturb دے، څو ډیپارټمنټس چې دی، چې په هغې کښې Strategical studies, developmental studies یو ډیپارپمنټ وو، په هغې کښې Statistics

یو ډیپارټمنټ وو، داسې نور ډیپارټمنټس دی چې هغه ختم شو۔ د دې نه علاوه هغلته نوی ډیپارټمنټس شروع کیدل چې په هغې کښې Tourism Management وو، هغه تر اوسه پورې شروع نه شو۔ زما خو جی ریکویسټ دا دے چې تاسو د دې د پاره یو انکوائری، یو سپیشل کمیټی جوړه کړئ او هغې ته ئے حواله کړئ چې هغه د دې ټولې مسئلې تحقیق وکړی چې د دې څه حل رااوباسی، د دې معزز ایوان یو کمیټی جوړه کړئ جی چې هغه سپیشل د دې یونیوسورسټئ د پاره لاړه شی او هغه تحقیق وکړی چې په دیکښې څه کمے دے، زیاتے دے چې هغوی رپورټ تاسو ته پیش کړی۔

جناب سپیکر: چې د ټریژری بنچز نه دا دغه راځی نو بیا خو بله-----

جناب وقار احمد خان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی وقار خان۔

جناب وقار احمد خان: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ زما به دا ریکویسټ وی، زه خو د خپل حکومت دې کاوش ته سلام پیش کوم، خاصکر د ایجوکیشن په مد کښې چې دوئ کوم Steps اوچت کړی دی خو د هغې یو بله تیاره زمونږ سوات طرف ته روانه ده، کومه یونیورسټی چې زمونږ د سوات د عوامو خواب وو، د ملاکنډ ډویژن، زه هغه خپل حکومت ته سلام پیش کوم چې هغه پوره شوے دے خو د یو داسې منتظم د لاسه چې نن شپږیشتو سټوډنټانو Resign ورکړو هغلته کښې، د هغه د لاسه ئے خپلې داخلې کینسل کړلې نو پکار دا ده چې په دې د یو Strict action واخستے شی او دا وی سی صاحب د لرې کړے شی او دا دغه د د ترقئ په طرف گامزن کړے شی۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جی میاں صاحب۔ زما خیال دے هائر ایجوکیشن ته به ئے ریفر کړو خو هغه چیئرمین هم داسې دے نو۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): دا جی چونکه زمونږه ټول ډیر ذمه دار ملگری دی او تاسو خبره ټهیک وکړه چې د حکومتی بنچونو سره ئے تعلق دے او دوئ ته یو مشکل پیښ دے او دا عوامی نمائندگان دی-----

جناب سپیکر: او جی۔

وزیر اطلاعات: د عوامی نمائندګانو یو خپل احترام او عزت دے ، د دوئ په خوښه باندې به د دې مسئلې حل رااوباسو او وخت ئے ډیر وشو، رشتیا خبره ده چې وخت د دې ډیر وشو، د دې اسمبلئ اجلاس کښې هم مطلب دا دے چې ډیر وخت پس دا مخې ته راغله او د دوئ دا یو شکایت وو، نو که داسې یو خبره وی که هغه هر رنګه وی، ښه او خراب ځان له خو چې دوئ په دې نتیجه رسیدلی دی چې د هغه په وائس چانسلرئ کښې هغلته دا یونیورسټی نوره مخکښې نه ځی نو د هغه د پاره نور ځایونه شته دے ، هغه به مطلب دا دے چې خپل ملازمت به کوی، د دوئ د خواهش مطابق چې کوم دے هغه به مطلب دا دے د دې یو خپل حل رااوباسو، د هائر ایجوکیشن ملګری به هم کښینی، دوئ به هم کښینی او د دوئ په صلاح باندې به دوئ ته یو باعزته لار رااوباسو۔

جناب سپیکر: شکریه میاں صاحب، خو دا د منګل په ورځ باندې چې دا نور ملګری راجمع کیږی، که دوئ هم راشی او هائر ایجوکیشن هم راشی۔ میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، دومره ده چې مونږه د دوئ په خوښه راغواړو نو هغه کس به هم رااوغواړو، دا اوس داسې یو خبره ده چې ډیره په لنډو کښې خبره ده۔

جناب سپیکر: ښه، هغه وی سی به هم رااوغواړئ؟

وزیر اطلاعات: او۔

جناب سپیکر: چې هغه وی سی هم رااوغوښتے شی او دوئ ورسره کښینوئ۔

وزیر اطلاعات: او جی، په عزت د ورورولئ که هر څه وی، د دوئ د خوښې خبره به وشی خو په عزت به وکړو۔

جناب سپیکر: ٹهیک شوه په Tuesday باندې دا هم رااوغواړئ، بیا ورته وخت نه شو ویستے۔

وزیر اطلاعات: ډیره مهربانی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب! آپ یہ ایک مہربانی کریں۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس یہ آخری وہ۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: سپیکر صاحب! میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، مجھے پتہ ہے آپ پھر نکل رہے ہیں، میں ایسا نہیں کرنے دونگا۔

جناب محمد جاوید عباسی: نماز کا وقت ہو رہا ہے، میں بس ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی مجھے پتہ ہے، آپ اسلام آباد بڑے شوق سے جا رہے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہمارے اوپر الزام ہے اسلام آباد کا، حالانکہ میں بالکل ادھر ہی ہوں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ (ڈپٹی سپیکر): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی خوشدل خان صاحب۔

محترمہ یاسمین نازلی جسیم: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: بی بی ودریږه یو منټ، دا خوشدل خان خبره کوی، بیا ستاسو نمبر دے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، ډیره مننه، ډیره مهربانی۔ زه ستاسو او د دې هاؤس معززو ممبرانو توجه یو پبلک مسئلې ته راګرځول غواړمه او هغه داسې پبلک مسئله ده چې مونږه چې کله دې اسمبلئ ته راغلی یو نو مونږه ئے ډسکس کوؤ او ستاسو د صدارت لاندې هم میټنګونه کیږی، کمیټئ ئے مونږه هم راوغواړو او یقین وکړئ په هغې باندې تر اوسه پورې هیڅ څه عمل ونه شو، هغه ده د لوډشیډنګ باره کښې، د بجلئ یو طرف ته لوډشیډنګ دے، Regular, irregular, scheduled, unscheduled, compulsory او د ګیس بل طرف ته دے۔ نو مهربانی وکړئ، په دې باندې تاسو یو پندره ورځې مخکښې هم میټنګ راغوښتے وو، مونږ ټول پکښې ناست هم وو، د پیسکو چیف هم پکښې راغلے وو خو تر اوسه پورې هیڅ قسم حل نشته۔ اوس زما د حلقې دا سیچویشن دے چې په چوبیس ګهنټو کښې یعنی بائیس ګهنټې بجلی نه وی او دوه ګهنټو کښې چې کومه راځی نو هغه هم دس منټ راشی چې سړے ئے لګوی بیا مړه شی، نو اخر د دې د پاره څه یو داسې دغه کول پکار دی، یا خو زما خپل دا تجویز دے چې زه به پریویلج ورباندې راولمه چې بهئ تاسو زمونږ میټنګ کښې مونږ سره خبره ومنئ دلته، Concede کړئ چې او ټهیک ده، په دې باندې ثاقب الله خان هم

ورته وئیلی دی، مونږه هم ورته وایو چې بهئ تاسو دا کومه بهانه لټوئ د Line losses، نو That is not our duty، دا خو پکار ده، ریکوری ستاسو ډیوټي ده، مونږ درسره پولیس استوؤ، مونږ به درسره لاړ شو، کنډې به مونږ لرې کړو د هر قسم مطلب دے مونږ هغوی ته د تعاون پیشکش کوؤ خو د هغې باوجود هم مطلب دا دے هغه د ټس نه مس کیږی نه۔ رشتیا خبره ده، قسم دے اوس نه مونږه دعاګانې کولې شو، نه فاتحې ته تلے شو چې کوم ځائے ته ځې، وائی یره بجلی مو څه کړه، ګیس څه شو؟ نو بجلی هم نشته او ګیس هم نشته، داسې حالاتو کښې ګهیر یو چې رشتیا خبره دا ده چې د Public representative د پاره اوس ډیره زیاته ګرانه شوه چې په حلقه کښې په بنې بدې باندې، نو مهربانی وکړئ ټول ناست یو چې د دې د پاره داسې لائحه عمل اختیار کړو، یا خو چې مونږه ټول ایم پی اے ګان ورسره لاړ شو، واپډا هاؤس ته ورشو او کښینو چې د ده څه پرابلم دے؟ نو په دې باندې جی لږ غور کول پکار دی، مونږ ته خو ډیر زیات پرابلم دے۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: هم په دې باندې، میاں نثار ګل صاحب! هم په دې باندې خبره کوئ؟

وزیر جیلخانہ جات: نه جی، په لاء اینډ آرډر باندې خبره کول غواړمه۔

جناب سپیکر: ودریږئ جی دا یو ایشو ختمه شی۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی ته په دې ایشو باندې خبره کوې؟

جناب عطیف الرحمان: او جی، او۔

جناب سپیکر: جی۔

بیگم یاسمین نازلی جسیم: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ایک منٹ، ذرا ان کو فلور دے دیا، اس کے بعد آپ، اسی ایشو پر بولنا ہے؟

بیگم یاسمین نازلی جسیم: جی ہاں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

جناب عطیف الرحمان: ډیره مهربانی۔ سپیکر صاحب، خوشدل خان چې کومه خبره وکړه جی، دا یقینی خبره ده، دا ډیره ضروری خبره ده او هغه تیره ورځ جی ما د یو فیډر افتتاح کړې وه، تقریباً څه 45 لاکھ روپئ د هغه فیډر د پاره ما له وزیر اعلیٰ صاحب فنډ راکړے وو او په مونږ باندې به تقریباً اتهاره اتهاره او بیس بیس گھنتې لوډشیډنګ وو، هغه بیا مونږه بجلئ والا سره خبرې وکړې نو بجلئ والا اووئیل چې تاسو ځان ته Independent feeder جوړ کړئ نو تاسو به د دې څیز نه مستثنیٰ شئ۔ سپیکر صاحب، مونږه په هغې باندې یعنی زمونږه ترقیاتی فنډ چې کوم دے ، هغه مونږه په هغې باندې ولګولو او د هغې باوجود چې کوم دے لکه په هغې باندې متواتر دا لوډشیډنګ کیږی نو مشکل خو هغه خلقو ته وی چې کوم سکولونو ته ماشومان ځی جی۔ د سوئی گیس، واقعی خبره ده لوډشیډنګ دے ، د بجلئ چې کوم دے په گهنتو گهنتو باندې لوډشیډنګ وی، یو جی Compulsory loadsheding وی، یو د شیډول لوډشیډنګ وی نو مهربانی د وکړې شی، که یره زمونږه په پارټ باندې څه خبره وی چې کم از کم هغه دوئ مونږ ته حواله کړی چې یره مونږ ورله په هغې کښې څه مشکل د هغوی حل کړو۔ سپیکر صاحب، اکثر چې دوئ له ورشې، وائی یره کنډې خلق اچوی، چې د میټرو خبره ورسره وکړې او چې خبره راشی نو میټرې ورسره وی نه، تار ورسره وی نه، نو په مطلب اورسیدې نور حال د دې پورې راغلے دے چې یره زمونږه ماشومان چې کوم دی، په کور کښې زنانه چې کومې دی، یقینی خبره دا ده، زه اوس هم یوې جنازې له تلے ووم، قسم دے په هغه جنازه کښې راته خلقو وئیل چې یره نه اوبه شته، نه بجلی شته او نه سوئی گیس شته، اخر دا کوم حال ته مونږ راغلی یو؟ وللّٰه نه چرته دعا له تلے شو، وللّٰه نه چرته جنازې له تلے شو او هم دغه خبرې دی، نو مهربانی د وکړی، یو ټهوس قدم د د دې د پاره اوچت کړے شی چې په دې باندې صحیح خبره وکړې شی او د واپډې پیسکو چې کوم دے سپیکر صاحب، دا بالکل دلته کښې رااوغواړئ او زمونږ دا ټول ممبران د ورسره کښینی چې په دې باندې صحیح۔۔۔۔

جناب سپیکر: تهیک شوه۔

جناب عطیف الرحمان: په دې باندې صحیح خبره وکړې شي او زمونږه په دې صوبه کښې دا حکومت چې کوم دے، دا په یو منظم سازش سره بدنامېږي، پکار دا ده چې د دې خلاف کارروائی وکړې شي۔

جناب سپیکر: جی شکریہ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سردار نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔یہی پوزیشن سر، میرے حلقے حویلیاں میں بجلی کی ہے۔پندرہ، سولہ اور بیس گھنٹے ان دنوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے اور پچھلے دنوں لوگوں نے تنگ ہو کر حویلیاں شہر میں ایک بہت بڑا جلوس نکالا، میں بھی اس جلوس میں تھا اور سارے لوگ جب پریشان تھے تو میں نے بھی ان کا ساتھ دیا۔ سپیکر صاحب، میرے خلاف ایکسیئن واپڈا نے تین ایف آئی آرز کٹوائیں اور میں حیران ہوں کہ اس کے اوپر 506 کی دفعہ بھی لگائی گئی اور پانچ چھ دفعات لگائی گئیں۔اب جب ہم احتجاج کرتے ہیں لوگوں کیساتھ کیونکہ ان کو پریشانی ہے، نہ ان کا کوئی کاروبار، سارے معاملات ڈسٹرب ہو رہے ہیں۔ نہ بجلی ہے، نہ سوئی گیس ہے۔اب سوئی گیس کی بھی لوڈشیڈنگ حویلیاں اور ایبٹ آباد میں شروع ہو گئی ہے تو اس کے اوپر Kindly سخت ایکشن لیں تاکہ عوام کو اس پریشانی سے نجات ملے اور دوسری ایک چھوٹی سی بات، میاں افتخار صاحب کی ساری باتوں کا زبردست الفاظ میں تائید کرتا ہوں، انہوں نے جو مذمتی الفاظ بیان کئے ہیں، ایک چھوٹی سی، تھوڑا سا اس میں اور اضافہ کیا جائے کہ جو ایک بڑا دہشت گرد ہمارے صوبے میں دہشت گردی کروا رہا ہے، امریکہ جو ڈرون حملے کروا رہا ہے اور کل بھی اس نے ڈرون حملے کرائے ہیں، اس کی ہم شدید الفاظ میں سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔یہ ڈرون حملے بند کئے جائیں اور جو قربانی اے این پی نے دی ہے سپیکر صاحب، عوامی نیشنل پارٹی نے دہشت گردی کے خلاف دی ہے، میں زبردست الفاظ میں ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی۔جی مفتی جانان صاحب۔

محترمہ یاسمین نازلی جسیم: جناب سپیکر صاحب! زه یو ښو خبرې کول غواړم۔

جناب سپیکر: ودریږئ جی، هم په دې ایشو خبره کوئ؟

محترمہ یاسمین نازلی جسیم: نه زه بله خبره کوم۔

جناب سپیکر: نه په دې پسې، دا ایشو ختمه شی نو بیا۔

مفتی سید جانان: دا ملګرو جی چې کومه خبره وکړه، زما هم دا خبره ده۔ د ډی سی او دفتر ته راغلو، د ایکسیئن سره مو دومره جرګې وکړې، میټنګونه مو وکړل جی، لاړ شی جی، دوه کسان رااولیږی بجلئ کټ ده، خلق مونږ پسې راشی چې بجلئ کټ ده جی۔ هغوی چې کوم کار شروع کړے دے واپډا والا، مونږ تاسو ټول بې عزته شو، دا عوامی نمائندګان بې عزته شول، دا خلق بې عزته شول۔ زمونږ خو به تاسو ته دا ګزارش وی، مونږ ته بله هیڅ څه طریقه نه ده معلومه چې د دوئ سره څه وکړو خو که زمونږ عزت بچ کوئ، مونږ جی ستا ممبران یو، ستا ټیم یو، زمونږ عزت بچ کړه او د ځان عزت بچ کړه جی او نور به تا ته څه وایو؟

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب! یه-----

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): زما مشوره ده هاؤس ته او ملګرو ته چې که دوئ مناسب ګنړی نو د چیف منسټر صاحب سره به خبره وکړو، هغوی چې ناست وی، د هغوی په مخکښې د واپډا چیف، هغوی به د پیسکو چیف رااوغواړی نو په هغه خبرو کښې به بیا ان شاء اللہ زور هم زیات وی او مطلب د هغې بیا فائده به دوئ ته زیاته وی۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی چې هغوی په کومه ورځ وی نو دا به ښه وی چې هم دلته ئے رااوغواړو۔

وزیر قانون: صحیح شوه۔

جناب سپیکر: جی دا----

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ودریږه میاں صاحب! بله خبره ده که هم دا ده؟

وزیر اطلاعات: هم دا ده۔

جناب سپیکر: ودریږه دا بی بی اول پاځیدلې وه نو لږه دې له اول موقع، بیا په دې پسې تاسو۔ جسیم نازلی صاحبه، جی بی بی۔

محترمہ یاسمین نازلی جسیم: تھینک یو سپیکر صاحب، ډیره مهربانی جی۔ سپیکر صاحب، په صوابۍ کښې چې زمونږه شپږ خویندې شهیدانې شوې دی د دهشت ګردئ په دغه کښې، زه د هغوی په باره کښې یو څو خبرې کول غواړمه۔ دا جینکۍ په وړومبۍ نیټه د جنورئ په میاشت کښې شهیدانې کړې شوې او زه د دوئ ټولو کورونو ته لاړم او ما د ټولو حالات وکتل جی۔ دا شپږ واړه تقریباً ډیر د عاجزې کورنۍ جینکۍ وې او د کور، د خپل خاندان واحدې کفیلې وې چې دوئ دا ټیچنګ کولو۔ څلور پکښې که پینځه دی، هغه پکښې وادہ نه وې، یوه پکښې وادہ وه، د هغې واړه واړه ماشومان وو او دوئ ورله دلته ټیچنګ کولو۔ یو ځوئے هم ورسره وو هغه ساعت کښې او دا پینځه نورې چې وې نو دا هم د مور پلار دغه لوښه وې، د ایم اے پورې ئے په ټولو باندې ایجوکیشن کړے وو په عاجزئ کښې او دوئ ته دغلته په دې این جی او کښې Job ملاؤ شوے وو جی۔ نو اوس زه د ګورنمنټ نه د دې اسمبلئ په Through د حکومت نه او خاصکر د ایجوکیشن منسټر ته به جی زه دا ریکویسټ کوم چې د دوئ خو مونږ نور هیڅ هم داسې مداوا نشو کولې چې د دې Alternate وشی خو زه غواړم چې د دې جینکو په کورکښې چې کومې جینکۍ، د دوئ خویندې یا د دوئ ورور چې کوم مطلب کوالیفائیډ وی، چې هغوی ته په دې Government jobs کښې As a teacher job ملاؤ شی نو د دوئ به ډیر زیات ښه دغه وشی۔ هغوی سره به د دې ډیره یو ښه نیکی وشی او څه نه څه به هغوی ته لږه فائده ملاؤ شی۔ ډیره مهربانی، تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔ میاں نثار ګل صاحب جی۔ میاں صاحب! په دې پسې به جواب د هغې هم ورکوئ۔ جی میاں صاحب۔

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): شکریہ جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، میں آپ کی توجہ اور پورے ایوان کی توجہ ایک بہت اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتاہوں کہ ابھی بات ہو رہی تھی کہ ہمارے صوبے میں گیس کی لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے اور ساتھ ساتھ بجلی کی لوڈ شیڈنگ بھی ہو رہی ہے، جناب سپیکر، میں یہ خوشخبری آپ کو دینا چاہتاہوں کہ شکر الحمد للہ خیبر پختونخوا میں، Specially کوہاٹ ڈویژن پورے صوبے سے بھی ڈبل ہم گیس پیدا کر رہے ہیں لیکن جناب سپیکر، آج میں جو بات کرنا چاہتاہوں، وہ یہ ہے

کہ اس ایوان کو اس پر سوچنا چاہیئے کہ شکر الحمدللہ پورے جنوبی اضلاع میں تیل اور گیس کی کمپنیاں کام کر رہی ہیں جس میں کوہاٹ، کرک اور ہنگو، اور میں نے یہ بات بار بار کہی بھی تھی اور اب بھی کہہ رہا ہوں کہ تقریباً چھ مہینے پہلے گرگری پر دہشت گردوں نے حملہ کیا اور شکر الحمدللہ قوم نے راتوں رات بندوقیں اٹھا کر ان کو بھگا دیا۔ پھر اس کے بعد نشپہ بانڈہ جو مین روڈ پر ہے، اس پر دو راکٹ فائر ہو گئے لیکن خوش قسمتی سے راکٹ اس کیمپ میں نہیں لگے اور اللہ کا فضل و کرم تھا۔ ابھی ہفتہ دس دن پہلے سر، رات کے وقت مین روڈ پر دو راکٹ پھر فائر ہو گئے ہیں، جس سے ایک ٹینکر میں آگ بھی لگی۔ سر، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس سلسلے میں میرے صوبے کو اور میرے ملک کو تقریباً ایک ارب روپے کا روزانہ ریونیو پاکستان کو بھی جا رہا ہے اور شکر الحمدللہ بیس بائیس ارب روپے رائلٹی خیبر پختونخوا کو بھی مل رہی ہے اور آئندہ مجھے امید ہے کہ تقریباً چالیس پچاس ارب تک رائلٹی اس صوبے کو ملے گی۔ جناب سپیکر، اگر آپ اس علاقے کو دیکھ لیں، میں اس حلقے کا نمائندہ ہوں، جس جگہ ہم کام کر رہے ہیں، وہ Round aboutپہاڑیاں ہیں، میں یہ کہنا چاہتا ہوں سر آپ کو کہ آپ ایک کمیٹی بنا دیں، ان کی سیکورٹی کو تو دیکھ لیں کہ جس طرح خانہ بدوش کی طرح رہ رہی ہیں وہ کمپنیاں، میرے خیال میں اس کے کیمپوں میں ایک ایک، دو دو بندوق ہوتے ہیں، اگر خدانخواستہ ایسا واقعہ ہو گیا، آج میں بتانا چاہتا ہوں کہ اگر کل خدانخواستہ ایسا واقعہ ہو گیا تو یہ جو کمپنیاں باہر کی آئی ہوئی ہیں یا جو OGDCL یا Mari جو بھی کام کر رہی ہے، اگر وہ ادھر سے چلی گئیں تو میرے خیال میں اس صوبے کو بھی بہت زیادہ نقصان ہو گا اور ایک پر امن ضلع اور پر امن علاقہ جس میں ہم رہ رہے ہیں، میں یہ پھر کہنا چاہتا ہوں کہ خدا کیلئے اس پہ آپ ایک کمیٹی بنا دیں، کمپنی کو بھی بلا لیں اور مطلب ہے میاں افتخار صاحب اس کے چیئرمین ہیں تو اس پہ نظر کرم ہونی چاہیئے کہ خدانخواستہ کل ایسا واقعہ نہ ہو جائے کہ ہمارے ملک کو اور ہمارے صوبے کو نقصان ہو، اسلئے ایک نمائندہ ہو کر میں ایوان میں بتانا چاہتا ہوں کہ کچھ ہونے والا ہے، اللہ نہ کرے کہ کچھ ہو جائے کیونکہ تین دفعہ ہو گیا اور اللہ نے ہمیں بچا لیا، ایسا نہ ہو کہ چوتھی دفعہ ہو جائے اور پھر ہم کل روئیں؟ تو سر، میں Specially آپ سے ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان کی ایک کمیٹی بننی چاہیئے، آپ یا میاں صاحب جو بھی اس کے چیئرمین ہوں، اس علاقے کا وزٹ ہونا چاہیئے، اس کمپنی کو بھی بلانا چاہیئے تو روزانہ اربوں روپے مل رہے ہیں، اگر اس میں کچھ سیکورٹی پر خرچ ہو جائیں تو ہمارے ملک کیلئے اچھا ہو گا۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔ میاں صاحب! دا بی بی څه خبره کړې وه، که د هغې لږ جواب ورکړئ تاسو او میاں نثار گل صاحب چې کومه خبره کوی، د دوئ جواب تاسو سره وی۔۔۔۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): ښه جی۔

جناب سپیکر: دا خو چونکه د فیډرل سبجیکټ دے خو جی۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: مهربانی جی، ستاسو شکریه۔ د ټولو نه اول خو جی جسیم بی بی چې کومه خبره وکړه د این جی اوز، د هغې خلقو نه مونږ خبر یو۔ یو خو این جی اوز چې کوم خلق Deal کوی نو هغه خو تاسو ته پته ده چې سوشل ویلفیئر ډیپارټمنټ او زمونږه هغلته لوکل انتظامیه ډی سی او د هغوی په 'تهرو' باندې کیږی۔ بل د این جی اوز چې کومې نوکرئ دی نو هغه Permanent نه دی او نه هغه داسې زمره کښې راځی چې گنی د هغې په بدل کښې هغوی ته نوکرئ ملاؤ شی خو دا یو حقیقت دے چې د دې نه مخکښې زمونږ د پولیو په حواله هم د زنانو چې کوم واقعات شوی وو او ورسره د سړو او داسې دا هم شوی دی، دا یو خصوصی توجه ضرور غواړی۔ د دوئ دا خبره ټهیک ده چې مونږ په دې یو داسې سوچ وکړو خو د دوئ د پروټیکشن خبره اول ده۔ دا داسې نه ده چې صرف دا شپږ جینکئ دی، زمونږ په دې صوبه کښې ډیرې جینکئ د غریبئ د لاسه هم دغه رنگ کارونه کوی او د هغوی د تحفظ مسئله هم ده نو چې د کوم این جی او سره دوئ تعلق لری نو اول خو د پروټیکشن په حواله د هغوی نه هم تپوس کول دی چې د هغوی انتظامات څه دی یا هغوی چې یو کار کوی نو د هغوی په هغه علاقه کښې د کومو کومو خلقو سره د تگ راتگ تعلق شته؟ ځکه چې دا ورکران د غریبئ د لاسه په وړو وړو، کمو کمو تنخواگانو کار کوی او د دوئ هغه رنگ پروټیکشن نشته چې څنگه د سرکاری ملازمینو د تحفظ د پاره خپل طریقه کار وی، نو یو خو د این جی او سره دا خبره لازم پکار ده۔ بل هم دغه این جی او کښې که د نوکرئ خبره وی نو یقیناً چې مونږ به هغوی ته وایو چې اول د دوئ کور والا له ورکړی، په Priority باندې چې دوئ له د ورکړی او چې زمونږ په ذمه څه راځی د سرکار، بالکل مونږ خو هسې هم داسې واقعاتو والا خلق سپورټ کوؤ۔ دا زمونږه

شهیدان دی، د دوئ سره ناجائزه شوې ده، دا هر څیز چې کوم دے نو یو مسئله او د زنانو په حواله بیا خصوصی مسئله ده، د هغې به تپوس هم وکړو چې مونږ د سرکار په حیثیت د دوئ څه سپورټ کولے شو؟ او چه چرته د نوکرئ خبره راځی نو دا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نماز کیلئے پندرہ منٹ کا وقفہ کیا جاتا ہے، چائے بھی پئیں اور نماز بھی ادا کریں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب اور چائے کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب! زه د بشیر بلور صاحب د شهادت په باره کښې خبره کول غواړم۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ مفتی صاحب۔

سابق سینئر وزیر (بلدیات)، جناب بشیر احمد بلور (شہید) کو خراج عقیدت

مفتی کفایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ جناب سپیکر۔ آج میں اس شعر سے اپنی گفتگو شروع کرنا چاہتا ہوں:

ے
دل اکثر اداس رہتا ہے — جانے کون آس پاس رہتا ہے
وہ تو غم دے کر بھول جاتے ہیں — اور ہمیں شہیدوں کا پاس رہتا ہے

جب ہم اس اسمبلی میں آئے جی تو اسمبلی میں ہر موقع پر حکومت کی کارگزاری کا دفاع پارلیمانی لیڈر کی حیثیت سے بشیر خان بلور نے کیا ہے جی اور وہ ایک Self made آدمی تھے، ایسا نہیں تھا کہ ان کے والدین یا دادا وہ ایم پی ایز/ایم این ایز چلے آرہے تھے بلکہ سیاست کی ابتداء انہی سے ہوئی ہے اور وہ عوام کے بہت زیادہ محبوب تھے۔ جب 2002 میں متحدہ مجلس عمل کے حق میں ایک سیلابی ریلہ آیا اور بہت سارے لوگ سیٹیں ہار گئے تو مجھے یاد پڑتا ہے کہ PK-03 پر وہ نہیں ہارے تھے اور بعد میں تو آپ کو اندازہ ہے کہ وہ ہمارے Colleague تھے، ان کی اپنی پارٹی کیساتھ پختگی تھی اور Committed تھے بہت زیادہ اور ہمارا ان کا تعلق چولی دامن کا تھا۔ ایسا ہوتا تھا کہ وہ جیسے بات کر لیتے جیسا کہ انتظار ہوتا ہے سامعین کو کہ اب مفتی کفایت اللہ نے بات کرنی ہے اور جب میں بات کر لیتا تو ایسا لگتا تھا کہ جیسے اب بشیر خان بلور بات کریں گے اور یہ ڈیبیٹ کیسی رہی، یہ تو تاریخ رقم کرے گی۔ ہر ایک آدمی اپنے بارے میں

خوش فہمی کا شکار ہوتا ہے لیکن آج وہ ہمارے درمیان نہیں ہیں تو میں اس بات کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے درمیان جو تقریری مقابلہ ہوا ہے، اس کے اندر مفتی کفایت اللہ نہیں جیتا، بشیر خان بلور جیتے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، ان کا تعلق اے این پی کے ساتھ تھا اور ہمارا تعلق اے این پی کے ساتھ نہیں ہے، ہمارا سیاسی اختلاف تھا۔ ان کے مؤقف اور ہمارے مؤقف کے اندر زمین و آسمان کا فرق ہے اور ہم یہاں بہت شد و مد کیساتھ اپنا مؤقف پیش کرتے رہیں۔ انہوں نے بہت زیادہ اس کا دفاع کیا، اپنی پارٹی کا اور اپنا مؤقف بہترین انداز میں پیش کیا۔ آج یہ اسمبلی اداس ہے کہ اس کا دلہا چلا گیا ہے۔ آج یہ اسمبلی اداس ہے کہ اس کی رونق ختم ہو گئی ہے، اس کو زنگ لگ گیا ہے۔ ظاہر ہے اے این پی کا کوئی ورکر اٹھے گا، وہ تو ایسی باتیں کرے گا جس کے اندر کچھ نہ کچھ مبالغہ بھی تو ہو گا لیکن جب سے میں بشیر خان کو جانتا ہوں، میں انتہائی ایمانداری سے کہتا ہوں کہ اگر میرے پاس ترازو ہو اور مجھ سے پوچھا جائے کہ بشیر خان کا قرضہ اے این پی پہ چڑھ گیا ہے یا اے این پی کا قرضہ بشیر خان پہ چڑھ گیا ہے تو حقیقت یہ ہے کہ آج جس طرح ہم سب لوگ بشیر خان کے مقروض ہیں اور پورا صوبہ اور پورا ملک بشیر خان کا مقروض ہے، اسی طرح اے این پی بھی بشیر خان کی مقروض ہے۔ تمام سیاسی جماعتیں بشیر خان کی مقروض ہیں اور انہوں نے وہ کارنامہ کر دکھایا ہے جو بہت سارے لوگوں کی قسمت میں نہیں آتا۔

ے یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

غالباً یہ انہی کا اعزاز تھا جو ان کو مل گیا ہے اور وہ شہید ہو گئے ہیں اور ہم جیسے لوگ ان کو تکتے رہ گئے ہیں۔ آج ایوان موجود ہے اور وہ موجود نہیں ہیں۔ میں ان کی آخری بزنس کی طرف بھی اشارہ کرتا ہوں اور ان کا آخری بزنس یہ تھا کہ جب میں OGRA کے خلاف ایک متفقہ قرارداد پیش کرنا چاہتا تھا، میں نے آپ سے اجازت لے لی اور اجازت لینے کے بعد میں نے بشیر خان سے دستخط کرانا چاہا کہ آپ بھی دستخط کریں تاکہ یہ متفقہ ہو جائے اور ہم نے ایک ظلم بتایا اور وہ ظلم یہ تھا کہ دیکھیں پہلے عام صارفین کی طرح Deal کیا جاتا تھا مساجد اور مدارس کو، اب OGRA نے اس کو کمرشل میں ڈال دیا ہے۔ پہلے ہمیں جو کنکشن ملا کرتا تھا 3 ہزار میں، اب وہ 31 ہزار میں ملتا ہے اور پہلے جو لائن سروس تھی، وہ تقریباً 15 سو میں مل جایا کرتی تھی، اس کا کرایہ ہوتا تھا، اب وہ 26 ہزار ہے، آپ میرے ساتھ تعاون کریں اور ہمیں اندازہ ہے کہ عبدالاکبر خان بہت Serious آدمی ہیں لیکن جب بشیر خان Sign کر لیتا ہے تو وہ بھی کر لیتا ہے، تو میں نے بشیر خان سے کہا کہ آپ یہ قرارداد پڑھیں اور Sign کریں۔ انہوں نے میاں افتخار صاحب

کو وہ قرارداد دی، کہا کہ آپ پڑھیں، مفتی صاحب ہماری سیٹ پر آئے ہیں اور ہمیں ان کا احترام کرنا چاہیئے۔ وہ قرارداد لمبی تھی اور وہ ابھی پڑھ رہے تھے کہ بشیر خان نے Sign کر کے دے دی اور کہا کہ جائیں مفتی صاحب، میاں صاحب نے ابھی نہیں پڑھی لیکن میں نے آپ کو Sign کر کے دے دی ہے۔ میں نے قرارداد پیش کی اور آپ نے ان دونوں سے پوچھا، عبدالاکبر خان سے بھی اور بشیر خان سے بھی کہ اس قرارداد پر آپ لوگوں کے دستخط ہیں، آپ بھی پڑھنا چاہیں گے؟ تو انہوں نے اپنی اس جگہ سے کھڑے ہو کر کہا کہ نہیں، جس طرح مفتی صاحب نے پیش کیا ہے، ہم بھی اتفاق کرتے ہیں اور ہم اس کو متفقہ پاس کرنا چاہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ نامہ اعمال کے اندر ان کی یہ خوبی لکھی جائیگی کہ ان کی آخری بزنس اس ایوان کے اندر یہ تھی کہ انہوں نے مدرسے کیلئے اور مسجد کیلئے ایک متفقہ قرارداد پاس کر دی۔ ہم یہاں اختلاف رائے کرتے تھے اور اختلاف رائے کے بعد جب مغرب کی اذان ہوتی تھی تو میں اس کا گواہ ہوں جناب سپیکر، وہ اس لابی کے اندر میرے پیچھے نماز پڑھتا تھا اور جب ہم نماز پڑھ کر فارغ ہو جاتے کہ ہم مسافر ہوتے ہیں، سنت نہیں پڑھتے، تو بشیر خان سنت بھی پڑھا کرتا تھا اور ساتھ چھ رکعت اوابین بھی پڑھا کرتا تھا۔ میں ان کو وقتاً فوقتاً یہ مشورہ دیا کرتا تھا کہ یہ جنگ سمجھ میں نہیں آتی، آپ بہت زیادہ آگے نہ جائیں، یہ کوئی آپ کی ذاتی لڑائی نہیں ہے، جن لوگوں سے آپ کی لڑائی اور ہماری لڑائی ہے، ان لوگوں کا کوئی پتہ نہیں ہے، نہ ان کا مذہب معلوم ہے، نہ ان کی نسل معلوم ہے، نہ ان کا علاقہ معلوم ہے تو آپ ایسا نہ کریں لیکن وہ میرا شکریہ ادا کرتے تھے لیکن یہ تجویز جس نے بھی دی، اس نے نہیں مانی اور ایک دلچسپ بات بتا دینا چاہتا ہوں کہ ایک دن خوشدل خان نہیں تھے تو میں ان کی سیٹ پر گیا اور بشیر خان بلور سے کہا کہ برائے مہربانی ذرا الفاظ نرم کر دو، برائے مہربانی۔ انہوں نے میرا شکریہ ادا کیا لیکن اس دن ان کو کہیں افتتاح پہ جانا تھا کہ ٹرانسفارمر وغیرہ کا مسئلہ تھا۔ جب وہ گئے تو وہاں پر بم بلاسٹ ہو گیا۔ اب مجھے پتہ لگا تو میں شرمندہ تھا کہ میرا مشورہ اور بم بلاسٹ، اس کے اندر بہت کم وقفہ تھا، میں نے ان کو فون کیا تو انہوں نے مجھے جواباً یہ کہا کہ مولانا فضل الرحمان صاحب کا فون آیا تھا، ان کو میں نے یہ بتایا ہے کہ جب میں یہاں تھا تو انہوں نے مجھے یہ بات کی اور جب میں وہاں چلا گیا تو وہ، میں نے کہا جی کہ یہ اتفاق ہوتا ہے اور جب ہمیں بچپن میں اساتذہ کہا کرتے تھے کہ اتفاق کو جملے میں استعمال کرو تو ہم اس طرح کہا کرتے تھے کہ جس دن ہمارے باپ کی شادی تھی، اتفاق سے اسی دن میری ماں کی بھی شادی تھی اور آپ اس اتفاق میں، انہوں نے یہ محسوس نہیں کیا اور مجھے تو یہ پتہ نہیں تھا، آپ کو پتہ ہے کہ مؤقف میں اختلاف ہوتا ہے لیکن

جو لوگ مارنا چاہتے ہیں، وہ بشیر بلور اور کفایت اللہ کو ایک ساتھ ٹارگٹ کرنا چاہتے ہیں، وہ ایک بڑی خبر لینا چاہتے ہیں اور جس آدمی کے ذریعے سے بڑی خبر لگے گی، وہ اس کو مارنا چاہیں گے، وہ آپ بھی ہیں اور میں بھی ہوں۔ آج میں بول رہا ہوں، ایک تاریخ بن رہی ہے۔ جناب سپیکر، سن رہے ہیں، ایک تاریخ ہے اور آپ سن رہے ہیں، وہ چیئر کر رہے ہیں۔ کیا پتہ، کل ہمارے اندر کون آدمی موجود ہو گا اور کون موجود نہیں ہو گا؟ اور یہ ایک ایسا معاملہ ہے کہ اس کے بارے میں کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ آج بشیر خان نہیں ہیں لیکن میں اس پر روتا نہیں ہوں اور ایوان صنعت و تجارت کے اندر مجھے موقع ملا تھا کل پرسوں، وہاں بھی میں نے الیاس بلور کے سامنے کہا کہ میں بشیر خان کیلئے خفا تو بہت ہوں، روتا نہیں ہوں۔ میں اس موت پر روتا ہوں جو قابل فخر نہیں ہوا کرتی۔ میں اس موت پر روتا ہوں جو شرم کے باعث ہوتی ہے اور اس موت پر مرا نہیں جاتا، خوشی محسوس کی جاتی ہے، جو قوم کیلئے ہوتی ہے، ملک کیلئے ہوتی ہے، علاقے کیلئے ہوتی ہے اور لوگ فخر محسوس کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بشیر خان بلور الحمد للہ ایسے راستے پر چلے گئے کہ وہ قابل فخر ہے۔ جناب سپیکر، ہمارے ہاں Good طالبان اور Bad طالبان کی اصطلاح ہے لیکن ہم ایک ایسے Great game کے اندر مبتلا ہیں کہ ہمیں اس کی سمجھ نہیں آتی۔ وہ آدمی جو وزیرستان میں بیٹھ کر پاکستانی فوج کے خلاف لڑنا نہیں چاہتا، ملا نذیر، آج ڈرون حملے میں اس کو مار دیا جاتا ہے، اسلئے کہ وہ افواج پاکستان اور پاکستان کے خلاف لڑتا نہیں ہے؟ اور ان کو چھوڑ دیا جاتا ہے جو امریکی مفادات کیلئے کام کرتے ہیں۔ ہمیں سمجھنا ہو گا کہ یہ کیا ہے؟ اور میں یہ کہتا ہوں کہ اگر بشیر خان کے خون کی قیمت سے اس ملک میں امن آتا ہے اور اس صوبے کے اندر تو یہ ہمارے لئے بہت زیادہ خوشی کی بات ہو گی۔ میری تقدیر میں نے دیکھی ہے جناب سپیکر، اس تقدیر کے اندر خوشیاں ہیں، اس تقدیر کے اندر پھول ہیں، اس تقدیر میں چمن ہے، اس تقدیر میں ترقی ہے، اس تقدیر میں آگے بڑھنا ہے، میں نے اس کو دیکھا ہے، وہ ایک سفید کاغذ پر لکھی ہوئی تقدیر ہے لیکن کسی ظالم نے وہ تقدیر مجھ سے چھین لی ہے اور میرے ہاتھ کے اندر ایسی تقدیر پکڑا دی ہے جس میں گن ہے، جس میں گرج ہے، جس میں بم بلاسٹ ہے، جس میں خود کش ہے، جس میں شہادتیں ہیں، جس میں اشارتیں ہیں، جس میں خون ہے اور آج فلور پر کھڑے ہو کر میں کہتا ہوں، ہم سب کو جا کر اس کاتب تقدیر کو کہہ دینا چاہیئے کہ میری اپنی تقدیر میرے حوالے کرو، میں پرائی تقدیر اٹھانے والا نہیں ہوں۔ وہ جو میری اچھی تقدیر تھی، وہ مجھے دے دو اور دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ بشیر خان بلور کے اس خون کی قیمت پر اس ملک کے چپے چپے کو امن کا گہوارہ بنا دے۔ جناب سپیکر، میں ایسی کوئی

بات نہیں کرنا چاہتا، ایسی کوئی بات نہیں کرنا چاہتا جو سیاست ہو، میں ایک متفقہ بات کرنا چاہتا ہوں۔ اسفند یار خان کا بیان آیا ہے اور اس کے اقتدا کے اندر پھر میاں صاحب کا بیان بھی آیا ہے۔ اگر میاں صاحب موجود ہوں تو زیادہ اچھا ہوگا کہ وضاحت کر دیں۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ مذاکرات کرنے چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا یہ بیان حالات کے عین مطابق ہے اور ان کا یہ بیان ان کی اپنی فلاسفی کے مطابق ہے اور ان کا یہ بیان بہت زیادہ مصلحت اور عقل کے مطابق ہے۔ آج اگر اس طرف سے ایک پیشکش آئی ہے کہ ہم مذاکرات کرنا چاہتے ہیں تو ہم نے اس پیشکش کو نہیں ٹھکرانا۔ پنجاب والا میرے درد کو نہیں سمجھتا، سندھ والا میرے درد کو نہیں سمجھتا، بلوچستان والے میرے درد کو نہیں سمجھتے اور مرکز والے تو بالکل نہیں سمجھتے۔ میں اے این پی کی طرف سے بول رہا ہوں، پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے بول رہا ہوں، میں مسلم لیگ (ن) کی طرف سے بول رہا ہوں، میں مسلم لیگ (ق) کی طرف سے بول رہا ہوں، پیپلز پارٹی شیر پاؤ اور جے یو آئی کی طرف سے بول رہا ہوں کہ پاکستان کے صدر نے یہ کہا ہے کہ اس لڑائی میں ہمیں 80 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے اور ہمیں ملا کیا ہے؟ 4.5 ارب ڈالر ملے ہیں اور بہت زیادہ افسوس کی بات ہے، جس دن زرداری صاحب تشریف لائے تھے، یہاں تو ہمیں بہت زیادہ کہا گیا تھا کہ آپ نہ بولیں، ہم نہیں بولے لیکن میرے لیڈر آف دی اپوزیشن یا لیڈر آف دی ہاؤس اگر یہ بات کرتے تو زیادہ بہتر ہوتا کہ ان 4.5 ارب ڈالر کے اندر ہمیں صرف 22 ارب روپے، ڈالر نہیں، ایک بجٹ کے اندر ملے ہیں اور 22 ارب روپے اس بجٹ کے اندر ملے ہیں، 44 ارب، اگر میں یہ مان لوں کہ یہ 0.5 ہیں ڈالر میں، تو پھر 4 ارب ڈالر یعنی 400 ارب روپے کا پتہ کہاں سے چلے گا؟ ہمارے صوبے میں گن ہے، گرج ہے، ہمارے صوبے میں امن نہیں ہے، وہ لوگ ہماری یہ مشکل نہیں سمجھتے۔ آج اگر یہاں یہ بات آ گئی ہے کہ مذاکرات کرنے چاہیئے اور اسفند یار خان نے کہا ہے تو میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں، میں انہیں اس بات پہ بہت زیادہ Appreciate کرتا ہوں اور ان تمام لیڈروں سے گزارش کرتا ہوں، جو میرے صوبے کے لیڈر ہیں، جن کا تعلق ایک قومی جماعت سے ہے اور وہ رہتے اس صوبے کے اندر ہیں کہ خدا کیلئے آپ تو کم از کم سر جوڑ لیں، اگر اور لوگ سر نہیں جوڑتے ہیں، آپ جوڑیں اور اگر آج آپ جوڑیں گے تو تمام جوڑیں گے۔ جس طرح میاں نواز شریف صاحب کے بارے میں میاں صاحب نے بتا دیا ہے کہ انہوں نے Agree کر دیا ہے، اگر انہوں نے Agree کر دیا ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ ملک کی دوسری بڑی جماعت نے Agree کر دیا ہے اور جب انہوں نے Agree کر دیا ہے تو صدر صاحب بھی Agree کریں

گے اور ہم جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمان صاحب پہلے سے یہ کہتے آرہے ہیں کہ ہمارے دو APCs ہوئی ہیں، مشترکہ اجلاس ہوا ہے پارلیمنٹ کا، دو قراردادیں پاس ہوئی ہیں اور بشیر خان بلور کے بعد ایک اور بشیر بلور کی لاش نہیں گرنی چاہیئے، ایک اور بشیر بلور کی لاش نہیں گرنی چاہیئے۔ ہمارا ہر آدمی بہت زیادہ معظم ہے، بہت زیادہ محترم ہے، اس کا خون اسی طرح محترم ہے جس طرح بشیر خان بلور کا خون ہے لیکن میں اپنے بڑوں سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کیا بات ہے کہ میرے ائیرپورٹ پر حملہ ہو جاتا ہے، کیا بات ہے کہ میرے پولیو کے کارکن بھی مجروح ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے اور وہ بھی محفوظ نہیں ہیں؟ یہ کیا بات ہے کہ ہم نے بشیر خان جیسے ایک سانحے کو برداشت کیا ہے اور میں آج یہ بھی اپیل کروں گا جناب سپیکر، مجھے نہیں معلوم ان کو ایک اعزاز ملا ہے، اگر وہ اعزاز اس ملک کا بہت بڑا اعزاز ہے تو پھر تو ٹھیک ہے اور اگر وہ اعزاز بڑا نہیں ہے تو اس سے بڑا اعزاز اگر اس ملک کے اندر ہے تو وہ بشیر خان کو ملنا چاہیئے اور اگر آج ہمارے یہ تمام ساتھی تعاون کرتے ہیں، اتفاق کرتے ہیں تو ان کیلئے ایک لقب اختیار کرنا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ وہ 'سفیر امن' تھے، ان کو ہمیشہ کیلئے 'سفیر امن' کے طور پر یاد کیا جائے، (تالیاں) ان شاء اللہ العزیز ایک موقع ایسا آئے گا کہ یہ خون رنگ لائے گا۔

واہ شقی القلب قاتل آخر تجھ کو کیا ملا　　　　اس کو جنت مل گئی تو کندہ دوزخ بنا

یہ قوم کیلئے اور ملک کیلئے خون ہے، ان شاء اللہ یہ خون رائیگاں نہیں جائے گا اور برادرم جاوید اٹھ گئے ہیں میرے خیال سے، لہذا میں اس کو مختصر کرنا چاہتا ہوں اور میں اپنی تمام ہمدردیاں دینا چاہتا ہوں پاکستان کو، اے این پی کو، پیپلز پارٹی کو اور میں اس کو بے نظیر بھٹو کے بعد بہت بڑا قومی سانحہ قرار دیتا ہوں، اتنا بڑا قومی سانحہ ہے۔ ایک بے نظیر بھٹو کا واقعہ ہٹا دیا جائے تو اتنا بڑا سانحہ یہاں نہیں ہوا اور اس سانحے کیلئے بلور خاندان کا انتخاب ہوا ہے۔ میں اس بشیر بلور کو بھی جانتا ہوں جو اس پارٹی میں صوبائی صدر ہوا کرتے تھے اور بعد میں وہ عام ورکر تھے لیکن بشیر بلور نے کبھی گلہ نہیں کیا، نہ ان کے طرز وادا سے یہ گلہ آیا ہے اور میں یہ بھی جانتا ہوں، پارلیمانی جماعت میں کہ جو پارلیمانی لیڈر ہوتا ہے، وہی وزیراعلیٰ ہوتا ہے اور جب اے این پی نے امیر حیدر خان ہوتی کے بارے میں فیصلہ کیا، ٹھیک کیا ہوگا، تو بشیر بلور کے اس چہرے پر ایک بل بھی نہیں پڑا۔ میں داد دیتا ہوں ان کے حوصلے کو، اپنی پارٹی سے 'کمٹمنٹ' اور پختگی کو بہت زیادہ داد دیتا ہوں۔ جناب سپیکر، آج الفاظ کم پڑ گئے ہیں، احساس بہت بلند ہو گیا ہے، احساس اتنا ہے کہ یہ موضوع ختم ہونے والا نہیں ہے اور میرے پاس جو الفاظ ہیں، میں اپنی کم علمی کا اعتراف بھی کرتا

ہوں، ان الفاظ میں ایسا جامہ جو احساس کو پورا نہیں ڈھانپتا، میں انہی الفاظ کو استعمال کر سکتا ہوں، میں مجبور ہوں، میرے پاس اور الفاظ نہیں ہوں گے، ڈکشنری بھی یہاں عاجز آ جاتی ہے اور جو احساس ہمارے دلوں کے اندر ہے، وہ رونے والا احساس ہے، وہ افسردگی والا احساس ہے، وہ غم والا احساس ہے لیکن اگر آج ہم سر جوڑ کر بیٹھ جائیں، ان کو خراج تحسین پیش کریں اور دنیا کو یہ بتادیں کہ ہم ڈرنے والے نہیں ہیں، ہم جھکنے والے نہیں ہیں، ہم بکنے والے نہیں ہیں، ہم نے بہت سارا خون دیا تھا، دیا ہے اور دیتے رہیں گے لیکن اپنے سچے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ اس ملک کو گہوارہ ہونا چاہیئے امن کا، اس صوبے کو اور اس پشاور کو، اور ان شاء اللہ یہ امن کا گہوارہ ہوگا۔ جناب سپیکر، آپ بھی بہت زیادہ افسردہ ہیں اور سارے Colleagues بہت زیادہ افسردہ ہیں۔ سمجھ میں نہیں آرہا کہ ہم کیا کریں؟ میں ان دنوں گیا تھا جب رات کو مجھے پتہ چلا، میں سکھر کیلئے جا رہا تھا، وہاں میری پارٹی کے بہت بڑے بڑے پروگرامز تھے اور اس کا مہمان میں تھا تو میں حیران ہوا کہ کس طرح جاؤں؟ میں تیز تیز دوڑا، مانسہرہ سے آیا، یہاں پر دعا کی حاجی غلام بلور کیساتھ اور پھر واپس دوڑا تو میرا جہاز، میں جہاز سے لیٹ ہوگیا، ایک بجے جہاز نے اڑنا تھا اور مجھے 12 بجے پہنچنا تھا۔ جناب سپیکر، آپ حیران ہوں گے کہ اس جہاز تک میں ایک بجے نہیں پہنچ سکا۔ میں حیران تھا کہ یہ سفر مجھ سے رہ جائے گا لیکن غالباً یہاں آنے کی برکت تھی بشیر شہید کے بعد کہ جہاز لیٹ ہوگیا اور میں لیٹ نہیں ہوا۔ میں نے وہاں تعزیت کی تھی لیکن اس دن اتفاق سے میں موجود نہیں تھا، میرے چھوٹے بھائی جناب شاہ حسین خان نے تعزیت کی تھی لیکن شاہ حسین خان کی تعزیت مانی نہیں جاتی۔ ہمارے ہاں یہ کہا جاتا ہے جناب سپیکر کہ شاہ حسین خان پختون ہیں، یہ مولوی نہیں ہے اور مولوی کی آواز سے سننا چاہتے ہیں تو میں بھی اسی طرح دکھی ہوں جس طرح اے این پی کے لوگ دکھی ہیں۔ میں اسی طرح دکھی ہوں جس طرح پاکستان کا ایک ایک آدمی دکھی ہے اور بشیر بلور کیلئے رو رہا ہے، (تالیاں) میں بھی رو رہا ہوں۔ عربی والے کہتے ہیں کہ: (عربی) آؤ روئیں، اس پر روئیں کہ ہم ایک باب کو کھو چکے ہیں، ایک باب بند ہوگیا ہے اور جناب سپیکر، میری یہ بھی رائے ہے کہ ان کی جگہ پر ہمیں پھول رکھنے چاہئیں تاکہ ہمیں ہر وقت احساس ہو کہ ایک ساتھی جو ہم سے کھو گیا ہے اور میں تو زیادہ نہیں جانتا، لیگل لوگ جانتے ہیں لیکن سندھ کے اندر ایسا ہوا ہے کہ وہاں کے وزیر اعلیٰ نے ایک نوٹیفیکیشن جاری کیا ہے ایسے شخص کے بارے میں جو اسمبلی کا رکن نہیں ہے کہ وہ اتنے دنوں تک اسمبلی کا رکن رہ سکتا ہے۔ اگر ہمارے آئین میں یہ اجازت ہو تو میں ہارون بلور کیلئے تجویز کروں گا کہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب جنہوں نے

ایک طرف ایڈوائزر بنایا ہے تو ساتھ یہ نوٹیفیکیشن بھی کریں تاکہ جب وہ بشیر کی جگہ بیٹھا رہے گا، جتنی بھی مدت باقی ہے تو ہمیں بہت زیادہ تسلی ہوگی۔ میں آپ کا بہت زیادہ شکر گزار ہوں، آپ نے اچھے طریقے سے سنا اور میں آخر میں بشیر خان کی نذر ایک شعر کر دیتا ہوں اور وہ یہ کہ:

واہ اے گل چین اجل کیا تجھ سے نادانی ہوئی ؎

پھول بھی وہ توڑا کہ چمن بھر میں ویرانی ہوئی

و آخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ جی۔ آنریبل سینیئر منسٹر رحیم داد خان صاحب! جو ایشو اٹھایا گیا ہے، میاں نثار گل صاحب نے، اس کا جواب ذرا دے دیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر! مجھے ایک منٹ جناب سپیکر، میں اس ایشو پر، بشیر بلور صاحب کی شہادت پر دو تین منٹ اگر آپ مجھے اجازت دے دیں سر، تو بڑی مہربانی ہوگی۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): لیجسلیشن بہت زیادہ پڑی ہے جی، بہت زیادہ ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں دو تین منٹ سے زیادہ نہیں لوں گا جی۔

جناب سپیکر: یہ آپ کی ریزولیوشن پھر رہ جائے گی۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر! دو تین منٹ اگر آپ مجھے دے دیں، بڑی مہربانی ہوگی سر۔

جناب سپیکر: مجھے آپ کے دو تین منٹ معلوم ہیں نا۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) اچھا، لیکن جس طرح کہا، دو تین منٹ سے زیادہ نہیں۔ مفتی صاحب نے بھی کہا تھا، ابھی پندرہ منٹ لے لئے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: تھینک یو جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں کبھی آپ کو آج اس وقت تکلیف نہ دیتا اور کبھی بھی میں Insist نہ کرتا لیکن ہمیں انتہائی دکھ ہے کہ جس دن جناب بشیر بلور صاحب شہید ہو گئے تو چونکہ یہاں سوگ کا اعلان کیا گیا تھا اور ہم یہ سمجھیں کہ شاید یہ اجلاس سوگ کے بعد ہوگا اور اس دن ہم یہاں نہ پہنچ سکیں، تو رات کو جب ہمیں پتہ چلا کہ اجلاس ہوا ہے اور اس میں بات کی گئی ہے تو ہماری نمائندگی شامل نہیں تھی جناب سپیکر اور میں نہیں تھا۔ میں بہت رنجیدہ رہا اس بات پہ کہ ہمیں وہاں ہو جانا چاہیئے تھا۔ ہمارا خیال تھا کہ شاید تین دن کا سوگ ہے اور اس کے بعد اجلاس ہوگا جناب سپیکر تو اسلئے ہم اس

دن یہاں بات کرنے سے رہ گئے۔ جناب سپیکر، مفتی صاحب نے جو باتیں کی ہیں، میں ان کی پر زور حمایت کرتا ہوں اور تائید کرتا ہوں اور جو الفاظ (تالیاں) انہوں نے شہید بشیر بلور صاحب کیلئے استعمال کئے ہیں، جناب سپیکر، جب وہ زندہ تھے تو وہ اے این پی کا اثاثہ تھے۔ جب وہ زندہ تھے تو اس صوبے کی بڑی جماعت کے بڑے لیڈر تھے اور جناب سپیکر، جب انہوں نے شہادت نوش کیا تو پاکستان کی ساری جماعتوں کے سر کا تاج بن گئے ہیں۔ (تالیاں) میں بے شمار لوگوں کو آج جانتا ہوں جو صرف ایک بات کہتے ہیں اور کیا خوبصورت بات کہتے ہیں، وہ کسی اور کا نام نہیں لیتے، صرف ان کے لب پہ ایک بات ہے کہ یا اللہ! ہمیں وہ موت عطا کر جو تم نے بشیر بلور کو عطا کی ہے، یہ وہ جوان جو کبھی بشیر بلور صاحب سے ملا نہیں تھا یا وہ ماں جس نے کبھی شاید ان کی تصویر بھی نہیں دیکھی تھی لیکن جناب سپیکر، یہ شعر کئی دفعہ ہم نے سنا، کئی دفعہ پڑھا اور جب میں اپنے دور دراز پہاڑی علاقوں میں بھی گیا، جو عقیدت اور احترام کا نام بشیر بلور صاحب نے اپنی شہادت کے بعد چھوڑا، پھر مجھے اس شعر کی سمجھ آئی:

کس دہج سے کوئی مقتل کو گیا وہ شان سلامت رہتی ہے

یہ جان تو آنی جانی ہے اس جان کی کوئی بات نہیں

جناب سپیکر، جس دلیری کیساتھ، جس جرات کیساتھ، جس ہمت کیساتھ انہوں نے اپنی زندگی کے آخری ایام گزارے ہیں اور آخری مہینے اور سال گزارے ہیں جناب سپیکر، آج میں جہاں جاتا ہوں، میں جب یہ کہونگا کہ میں پختونخوا اسمبلی کا ممبر ہوں تو لوگ مجھے فخر سے دیکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ اسمبلی کا ممبر ہے جہاں بشیر بلور شہید جیسے لوگ رہے ہیں اور انہوں نے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ یہ نصیب سے ملتا ہے، یہ قسمت سے ملتا ہے، یہ خواہش سے ملتا ہے اور جناب سپیکر، آج جس آگ میں ہم سارے، آج میاں افتخار صاحب نے بھی باتیں کی ہیں اور مفتی کفایت اللہ صاحب نے بھی باتیں کی ہیں، شاید باتوں کی حد تک تو ٹھیک ہے لیکن ان غیرت مند اور جرات مندوں نے، اے این پی کے منسٹرز صاحبان نے بھی اور حکومت نے بھی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ساری ٹیم کا جو کیپٹن تھا، وہ بشیر بلور شہید تھا۔ مرنا ہر ایک نے ہے جناب سپیکر، اس جہان میں کسی نے 40 سال، کسی نے 100 سال لیکن وہ ٹیپو سلطان کا قول جو برسوں پہلے اس نے کہا تھا، بشیر بلور شہید نے اس کو ایک دفعہ پھر تمام انسانوں کیلئے ایک پیغام دیا ہے کہ جو وقت گزارنا ہے، زندہ رہنا ہے تو شیروں کی طرح زندہ رہنا ہے اور اس نے اس طرح اپنی زندگی کے ایام گزارے ہیں اور پھر اللہ تعالیٰ نے کتنا بڑا کام ان سے لے لیا ہے جناب سپیکر، آج یہ سوچنے کی بات ہے کہ کتنے بڑے کام کیلئے اللہ نے

اسے Accept کر لیا ہے، قبول کر لیا ہے کہ آج مفتی صاحب نے کھڑے ہو کر جو باتیں کی ہیں، آج ہمارے اندر جو اتحاد پیدا ہو گیا ہے، جو ہمارے اندر جناب سپیکر، ایک قوت آ گئی ہے، آج پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں، تمام این جی اوز، تمام سول سوسائٹیز، تمام میڈیا، تمام صاحب الرائے رکھنے والے لوگ جناب سپیکر، اس بات پہ Agree ہو گئے ہیں کہ اب وقت آ گیا ہے کہ تمام لیڈر شپ کو ایک کمرے میں بیٹھ کر اب فیصلہ کرنا ہو گا کہ ہمارے پاس بشیر بلور شہید کی طرح اور بڑے بڑے لوگ بہت زیادہ نہیں ہیں۔ یہ امتحان ہے ہمارے لئے اور اس نے شہادت نوش کر کے پاکستانیوں کو اکٹھا کر دیا ہے۔ اس سے بڑا جہاد اور کوئی جماعت نہیں کر سکی جو ایک فرد کر گیا ہے جناب سپیکر، اس ملک کیلئے، اور آج جہاں پاکستان کے لوگ رنجیدہ ہیں، خفا ہیں، جہاں ان کو غم ہے، ان کے بچھڑنے کا غم ہے، جہاں اے این پی کو اپنا ذاتی Loss بھی ہے، وہاں ہم سب کیلئے ایک موقع ہے کہ ہم ایک پالیسی بنا کر سارے کھڑے ہو جائیں۔ اگر ہم نے مقابلہ کرنا ہے تو پھر سب جماعتوں نے، سب کارکنوں نے مل کر پاکستان کی حکومت کو، پاکستان کی سیاسی طاقتوں کو، پاکستان کی سیاسی جماعتوں کو اور مذہبی جماعتوں کو بھی، اب وقت آ گیا ہے کہ ساتھ کھڑے ہو کر، کہنا ہو گا کہ یہ بہت ہو گیا، ہمارے بچوں کو بہت مارا گیا ہے، اب وقت آ گیا ہے کہ ہم نے کوئی ایک فیصلہ کرنا ہے، کسی ایک طرف ہم نے جانا ہے۔ ساری جماعتوں کو چاہیئے اور یہ میری ریکویسٹ ہے اے این پی کے دوستوں سے، ان کے لیڈر صاحبان سے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک ایسی پوزیشن دے دی ہے، بشیر بلور شہید نے ان کو ایک ایسا فورم اور طاقت عطاء کر دی ہے کہ اب ان کی بات پہ ساری لیڈر شپ لبیک کہنے کیلئے تیار ہے، تیار بیٹھی ہوئی ہے، اب ان کو Initiative لینی چاہیئے، بیٹھنا چاہیئے، ان کو بٹھانا چاہیئے، ایک دن لگتا ہے، دو دن لگتے ہیں، تین دن لگتے ہیں، ساری بڑی لیڈر شپ بیٹھ کر اور پھر ایک فیصلہ کر کے باہر نکلے۔ اگر مرنا ہے تو پھر سب نے، کھڑا ہونا ہے تو اکٹھے کھڑا ہونا ہے، اس قوم کو بچانا ہے تو پھر اکٹھے سب نے بچانا ہے، سب کا فرض ہے جناب سپیکر اور جو فیصلہ یہ لیڈر شپ کر کے نکلے تاکہ شہید بشیر بلور کی جو قربانی ہے، وہ قربانی اس ملک کے عوام کی بہتری کیلئے لا سکے، وہ قربانی رنگ لا سکے اور ان شاء اللہ ہم سارے، پہلی دفعہ پانچ سالوں میں میں نے یہ ماحول دیکھا ہے، یہ بشیر بلور صاحب کی شہادت کی برکت ہے کہ آج ہر ایک طرف سے آواز نکلتی ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم سب نے کھڑے ہو کر اس سے نکلنا ہو گا۔ یہ جنگ امریکہ کی ہے، اب اس سے نکلنا ہو گا کہ یہ جنگ کس نے شروع کی ہے؟ اب اس سے نکلنا ہو گا کہ یہ کس کس کی غلطیاں ہیں؟ جناب سپیکر، اگر ہم پانچویں یا چھٹی منزل میں رہ رہے ہوں اور اس بلڈنگ میں آگ

لگ جائے تو یہ اس وقت Determine نہیں کیا جا سکتا کہ یہ بہو کی غلطی ہے، یہ نوکر کی غلطی ہے، یہ مالک کی غلطی ہے، یہ فلاں کی غلطی ہے، غلطیوں کا ٹائم پھر نہیں ہوتا، ٹائم تھوڑا ہوتا ہے، پھر آگ کو بجھانے کیلئے وہ ساری، وہاں جو لوگ بچ گئے، ان کو محفوظ کرنے کیلئے ساری قوت اور انرجی لگانا پڑتی ہے اور پھر جا کر بعد میں فیصلہ کرے گا۔ اب ہم آگ میں ہیں، آگ لگی ہوئی ہے جناب سپیکر تو کس طرح ہو سکتا ہے؟ ہمیں اپنے اختلافات بھلانے ہوں گے۔ ہمیں اپنی پارٹیوں سے بالا سوچنا ہو گا As a Pakistani اور مجھے یقین ہے جناب سپیکر کہ بشیر بلور شہید کی موت نے ہمیں یکجا کر دیا، ہمیں اکٹھا کر دیا، ہمیں جھنجھوڑا ہے۔ ہمارے اندر کا جو انسان ہے، وہ باہر نکلا ہے اور اب گلی اور کوچوں میں بھی لوگ بات کرتے ہیں کہ اب وقت آگیا ہے کہ سب کو متفق ہو کر، اتفاق کرکے اور آج میں جناب محترم، میرے دل میں بہت قدر ہے جناب مفتی صاحب کی کہ ان کی باتیں بھی سن کر کیا خوبصورت ہے کہ ہم Next session میں ایک ریزولیوشن اس طرح کی ڈرافٹ کریں جس میں صبح اس صوبہ خیبر پختونخوا سے ایک ہی Message جائے اور میں اس بات کی بھی تائید کرتا ہوں، مفتی صاحب کی کہ پاکستان کا جو سب سے بڑا اعزاز ہے، اگر پہلے ملا بھی ہے تو پھر ایک دفعہ شہید بشیر بلور صاحب کو اور اس کی فیملی کو ملنا چاہیئے جناب، وہ یہ Deserve کرتے ہیں۔ ہاں مرنے سے پہلے شاید ان کی ہمدردیاں اور وہ ایک پارٹی کے لیڈر تھے اور مرنے کے بعد جناب اب ہم سارے ان کو اپنا اثاثہ سمجھتے ہیں، ہم سارے ان کو اپنا Asset سمجھتے ہیں اور جس خوبصورتی کیساتھ اس اسمبلی کے اندر انہوں نے ہمیں سکھایا، چھوٹی چھوٹی باتوں پہ ہم ان کے پاس اگر گئے تو جس شفقت کیساتھ اور جس 'کمٹمنٹ' کیساتھ کہ اس اسمبلی کا سیشن کوئی ایسا سیشن نہیں ہے جو بشیر بلور صاحب کے آنے سے پہلے شروع ہو گیا ہو۔ جناب سپیکر، آپ ان کی ریگولر یہاں پہ Appearance اور Presence دیکھ لیں کہ ان کی کتنی 'کمٹمنٹ' تھی جمہوریت کیساتھ، کتنی 'کمٹمنٹ' تھی اس انسٹی ٹیوشن کیساتھ۔ ایک سینیئر رہنما اور کئی دفعہ Elect ہونے کے باوجود وہ اسمبلی کی چھوٹی چھوٹی کارروائیوں کا Notice لیتے تھے، اس کے Notes لیتے تھے اور کھڑے ہو کر جواب دیتے تھے اور کبھی انہوں نے یہ تصور نہیں کیا کہ یہ جونیئر ہے، یہ پہلی دفعہ Elect ہو کر آیا ہے بلکہ وہ As a colleague سمجھتے تھے، اپنے دوستوں کو وہ پیار اور محبت اور جناب، انہوں نے اس اسمبلی میں رواداری کا ایک پیغام دیا ہے ہم سب کو، ہم یقیناً غمزدہ ہیں، دکھی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ مر کر امر ہو گئے ہیں اور انہوں نے وہ رتبہ پایا ہے، ہم سب کیلئے اور وہ ایک مقام، ایک Legacy، ایک ایسی چیز چھوڑ گئے ہیں کہ جناب سپیکر، آنے والے کئی صدیوں تک لوگ

کہیں گے اور یہ فخر ہے اس خاندان کیلئے، ہارون بلور اور عثمان بلور کیلئے بھی کہ ان کے بچے جب کبھی کسی کے ہاں ملیں گے اور جائیں گے تو یہ کہیں گے کہ یہ وہ بیٹا ہے، یہ وہ پوتا ہے جو شہید بشیر بلور کا نام لیں گے اور اس کو عزت ملے گی اور ٹھیک کہا ہے مفتی صاحب نے اور یہ ایڈوائزر کو اسمبلی میں بیٹھنے کی اجازت ہے، ہمیشہ نیشنل اسمبلی میں بھی اور پراونشل اسمبلی میں بھی ایڈوائزرز بیٹھتے ہیں، آکر کارروائی میں شامل ہوتے ہیں اور نیشنل اسمبلی میں ہمیشہ سے یہ معاملہ ہے۔ اگلی Sitting میں ضرور، ہم شکر گزار ہیں اے این پی کی حکومت کے اور چیف منسٹر صاحب کے کہ کتنا جلد انہوں نے فیصلہ کیا ہے، ہارون بلور جو ایک بہت ہونہار اور ایک اثاثہ ہے اس جماعت کیلئے، ان کو یہ ذمہ داری دی ہے اور جس طرح ان کی تدفین کے موقع پہ ہم نے دیکھا ہے اور بعد میں جو لوگ ان کے پاس تعزیت کیلئے آتے رہے ہیں، ان بیٹوں نے جس جوان مردی کیساتھ کھڑے ہو کر اپنے ایک ایک مہمان سے ملے ہیں، اس کا پوچھا ہے، اس کو انہوں نے بٹھایا ہے، یہ ایک نئی تاریخ انہوں نے رقم کی کہ جب باپ کا اس حادثے میں جنازہ پڑھو، اس کے باوجود بھی وہ ساری جنازہ گاہ میں لوگ ہارون بلور کو کھینچ رہے تھے، شاید ایک تاثر بھی ہو سکتا تھا کہ دوبارہ کوئی دہشت گردی نہ ہو، اس وقت تک وہ غیرت مند اور عزت مند جوان کھڑا رہا جب تک اس نے اپنے والد کے آئے ہوئے ایک ایک، آخری آدمی سے تعزیت نہ کی تھی اور اس سے ملا نہیں تھا اور اس کا شکریہ ادا نہیں کیا۔ بڑے کم لوگ ہیں، میں نے اکرم درانی صاحب کو دیکھا تھا، ان کے بیٹے کی وفات پر اور میں ہمیشہ ذکر کرتا ہوں، پھر میں نے ان دونوں بھائیوں کو جس طرح کھڑے ہو کر اور اے این پی کی لیڈرشپ کو جس طرح کھڑے ہو کر انہوں نے یہاں جرات مندی، ہمت کیساتھ اور استقامت کیساتھ کھڑے ہو کر انہوں نے کہا کہ ہمارا بھائی، ہمارا قائد شہید ہو گیا ہے اور ان کے مشن کو ہم جاری رکھیں گے۔ ہم بھی ان شاء اللہ ان کی آواز میں آواز ملاتے ہیں کہ وہ پہلے ان کا مشن اکیلا تھا، اب یہ ہم سب کا مشن ہے، جو بھی فیصلہ لیڈرشپ بیٹھ کر کریگی ان شاء اللہ ہم سارے ان کے ساتھ کھڑے ہونگے۔ Thank you very much۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔ رحیم داد خان۔۔۔۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> بس جی دا، یہ۔۔۔۔۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> ہمیں بھی موقع دیا جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> میں اجلاس کو ختم کر لونگا، آپ ایجنڈا چھوڑ رہے ہیں۔ رحیم داد خان صاحب۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: سپیکر صاحب!

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سب بیٹھ جائیں، شاہ حسین! بیٹھ جائیں، سب بیٹھ جائیں۔ آنریبل رحیم داد خان۔ جناب رحیم داد خان۔

(شور)

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مهربانی۔ په دې موضوع میاں صاحب چې کومه نشاندهی وکړه خو نن زما ډیر عجیبه کیفیت دے۔ د بشیر صاحب د شهادت نه پس زه په وړمبی ځل سیشن ته راغلم او دې سیټ ته چې کوم دے زه کتلے نه شم۔ زما سره خو دومره الفاظ نشته او نه وئیلے شم خومره چې مفتی صاحب او عباسی صاحب اووئیل خو درد چې کوم دے زما په زړه کښې د دوئ نه ډیر زیات دے۔ جناب سپیکر، د میاں صاحب د خپلې علاقې خبره ده خو د دې دارومدار او دې ټولې صوبې ته د دې نه فائده ده او د دې نه دغه هومره فائده چې کوم دے ټول ملک ته ده، د دې آئل اینډ ګیس دا کوم دغه چې دی۔ تر کومه پورې، اوسه پورې چې څه داسې د هغوی Reservations څه راغلی، چیک پوسټ، نو د هغې ورته Facility ورکړې شوې ده خو د دې نه علاوه زه اوس یو خوشخبری ستاسو په وساطت سره هاؤس ته او عوامو ته دغه کومه چې یره زمونږه یو بل کوشش دا وو چې په دې ځائے کښې آئل ریفاینری یو داسې شے جوړ شی چې په مقامی طور دومره اخراجات نه ځی نو هغه زمونږ ریکویسټ، زمونږ هغه ډیپارټمنټ زمونږ د صوبې PSO اومنلو او نن چې کوم دے د PSO خلق راغلی وو او په هیلی کاپټر کښې ورسره زمونږ دا خلق هغې ایریا ته لاړل چې یره په کوم ځائے کښې دا یونټ چې کوم دے مونږه جوړ کړو، نو د دې اهمیت نور هم سیوا کیږی ان شاء اللّٰہ تعالیٰ چې اهمیت سیوا کیږی، پیداوار سیوا کیږی او مقامی فائده مونږ ته ملاویږی نو د هغې د تحفظ ډیر زیات ضرورت به وی، نو ان شاء اللّٰہ تعالیٰ داسې څه رکاوټ دغه به نه راځی، مونږه هم د دې جوګه یو۔ پوره رائلټی ملاویږی او فیډرل ګورنمنټ ته هم Fifty percent د دې نه ملاویږی، نو د دواړو

حکومتونو Responsibility ده چې په دې ځائے کښې چې صوبه پرې آبادیږی ، ملک پرې آبادیږی چې د داسې پراجیکټس سیکورټی او د هغې په هر نمونه حفاظت وکړو او مخکښې ئے بوځو او ان شاء الله تعالیٰ دا پوړئ دې ګورنمنټ کیښودہ او زمونږه حساب کتاب هم د هغوی سره ټهیک روان دے او نور څه ځیزونه چې کوم دی، زمونږ شک نه دے چې پوره ډیټیل هغه مونږ ته نه راکوی ، په هغې مونږه خپل کنسلټنټ، ایډوائزر د هغوی سره کښېنولی دی چې پوره Rights چې که زمونږه ملاویږی د رائلټی، هغه مونږ ته ملاؤ شی نو ان شاء الله تعالیٰ میاں صاحب ته هم ریکویسټ کومه او دوئ کوم ښه کردار ادا کړے دے ، پرون هم دوئ د هغوی سره جرګه، Locally کومې مسئلې چې کوم دی، هغوی ته کوم مشکلات دی، دغه دی چې هغه هواریږی، په دې چې Locally، لوکل خلقو ته د هغې نه زیاته فائده ده، ډیر دغه دے نو چې په دغه دغه باندې دغه بوجھ هم د هغوی کم وی او Moral support هغوی ته ملاؤ وی او چې Moral support ملاؤ وی نو ان شاء الله تعالیٰ هیڅوک داسې جرات نه شی کولې چې هغوی ته داسې څه تکلیف، څه Handicap، څه داسې شے پیدا شی او د هغوی په رکاوټ کښې دغه کیږی او دا زمونږه ذمه واری ده چې بهر څومره کمپنئ او څه راځی او دې ځائے کښې انوسټمنټ کوی، کار کوی، سیکورټی چې کوم دے د هغې زمونږه وړمبئ Priority چې کوم ده، هغه دغه ده نو ان شاء الله تعالیٰ داسې څه تکلیف مشکلات به نه وی۔

Mr. Speaker: Thank you. Honrouble Law Minister, on behalf of Minister for Higher Education, to please-----

(Pandemonium)

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب!

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب! یہاں پر جتنی بھی باتیں ہوئیں، اتنی دکھ بھری باتیں ہوئی ہیں کہ سارا دکھ تازہ کر دیا ہے، اسلئے میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ہاؤس کو Adjourn کر دیں-----

(شور)

حاجی قلندر خان لودھی: آپ ہاؤس سے پوچھ لیں، اگر ہاؤس چاہتا ہے، کم از کم میں تو نہیں بیٹھ سکتا۔ مجھے تو کچھ دوستوں سے ایک دو باتوں پہ گلہ ہے کہ یہ اس دن پاکستان میں جہاں کہیں بھی تھے، ان کو آنا چاہیے

تھا، اس دن ہم نے دکھ منایا، اس دکھ والے دن کو آج انہوں نے دوبارہ اس دکھ کو تازہ کر دیا تو ہم اس کے بعد جاری نہیں رکھ سکتے، اسلئے میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ہاؤس کو Adjourn کر دیں۔ اس کے بعد ہمیں تو ہنسی نہیں آتی جو دوست یہاں پر ہنستا ہے کسی بات پر، ہمارا قیمتی دوست ہم سے چلا گیا ہے، اس کا دکھ ایسا نہیں ہے کہ ایک طرف ہم ہنسی مذاق کریں، اس پر غصہ آتا ہے لیکن آپ کسی کو ہنسنے سے منع نہیں کر سکتے اور دوسری طرف دکھ کا اظہار کریں اور جس وقت دل چاہے وہ شروع کریں، اسلئے آپ مہربانی کر کے اس کو Adjourn کریں۔

جناب سپیکر: چلو ٹھیک ہے، ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے۔ The Sitting is adjourned till 03:00 pm of Monday afternoon, 07-01-2013.Thank you.

(اسمبلی کا اجلاس بروز پیر مورخہ 07 جنوری 2013ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)